Maulana Azad National Urdu University

M.A. History, I Semester Examination, April 2021

Paper : MAHS103CCT : Historiography : Ancient and Medieval World

پرچہ : تاریخ نویسی: قدیم اور عہد وسطیٰ دور

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) چینی تاریخ میں "The Warrring States Period" سے کون سا دور مراد ہے۔

(ii) امیر خسرو کی دو کتابوں کے نام بتائیں۔

(iii) ضیاء الدین برنی کی تاریخ کا نام بتائیں۔ یہ کس سلطان کے عہد میں لکھی گئی۔

(iv) ابوالفضل اور اس کے والد شیخ مبارک کس صوفی فرقے کی طرف مائل تھے۔

(v) عبدالقادر بدیوانی کی تاریخ ''منتخب التواریخ'' کی آخری جلد میں کس چیز کا ذکر ہوا ہے۔

(vi) فارسی زبان میں لکھی گئی تاریخ کی پہلی کتاب کا نام بتائیں۔

(vii) جہانگیر کی سوانح کا نام بتائیں۔

(viii) ابوالفضل نے اکبر نامہ کب مکمل کی۔اس کی تصنیف میں اس کو کتنے سال لگے۔

(ix) حسن نظامی کی کتاب کا نام بتائیں۔

(x) "The History of Peloponnesian War" کس کی تصنیف ہے۔

حصہ دوم

(2) ہیروڈوٹس کی تاریخ نویسی پر ایک مضمون لکھیں۔

(3) قدیم ہندوستانی تاریخ نویسی میں کلہن کی کتاب ''راج ترنگنی'' کی اہمیت پر نوٹ لکھیے۔

(4) عربی تاریخ نویسی پر روشنی ڈالیں۔

(5) منہاج سراج کی تاریخ ''طبقات ناصری'' کے اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالیں۔

(6) کیا امیر خسرو کو مورخ تسلیم کیا جا سکتا ہے۔ وضاحت کریں۔

(7) ابن خلدون پر مختصر مضمون لکھیے۔

(8) عہد وسطیٰ کی تاریخ کے مطالعے کے لیے مقامی زبان میں لکھے مآخذ کس طرح مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ تشریح کریں۔

(9) شوماچن (Ssuma-Chien) کی تاریخ نویسی کے اہم پہلوؤں کا جائزہ لیں۔

حصہ سوم

(10) تھیوسی ڈیڈس پر بحیثیت مورخ ایک تفصیلی مضمون لکھیں۔

(11) ضیاء الدین برنی کو دہلی سلطنت کا سب سے اہم مورخ کیوں مانا جاتا ہے۔ روشنی ڈالیں۔

(12) فارسی تاریخ نویسی کے آغاز وارتقاء پر بحث کرتے ہوئے اس کی خصوصیات کا ذکر کریں۔

(13) ملا عبدالقادر بدیوانی کی ''منتخب التواریخ'' کا تفصیلی جائزہ لیں۔

(14) ایک مورخ کے طور پر ابوالفضل کی خدمات کا تجزیہ کریں۔

☆☆☆